© rasailojaraid.com

رسالہ
مرقع قادیانی
امرتسر
مجریہ یکم ستمبر سنہ ۱۹۰۸ء

جلد ۱ نمبر ۴

# مرقع قادیانی پر قادیانی اخبار بدر کی رائے

**مرقع قادیانی** ثناء اللہ صاحب امرتسری نے اپنے نامۂ اعمال کی سیاہی کو روشن کرنے اور اُس کے حجم کو موٹا کرنے کیلئے اور دنیا پر یہ ثابت کرنے کے لئے کہ ماموریّن اللہ کے مقابل میں ہر قسم کی کوشش عبث جاتی اور آخر ناکامی کا مونہہ دیکھنا پڑتا ہے ایک رسالہ اس نام کا ماہوار نکالا ہے۔ دو نمبر چھپ چکے ہیں طرز استدلال ایسا بھونڈا اور دلائل ایسے کمزور ہیں کہ میرے خیال میں جواب کی بھی بہت کم ضرورت ہے جو عبارتیں ہماری کتابوں سے نقل کرتا ہے انہی میں اُس کے اعتراض کا جواب ہوتا ہے۔ حجم ۲۰ صفحہ قیمت سالانہ عہ

(بدر - ۲۵ جولائی سنہ ۱۹۰۸ء ص ۲)

دستور کی بات ہے جو کوتوال بدمعاشوں کو سخت گیر ہوتا ہے بدمعاش اُسی کے سخت شاکی ہوتے ہیں اس لحاظ سے یہ ریویو نہایت ہی موزوں ہے ہم منتظر ہیں کہ اڈیٹر بدر ہماری مواخذات کے جوابات اپنی اُنہی کتابوں سے کیا دکھاتے ہیں جنسے ہم عبارات نقل کرتے ہیں اور کس طرح اپنی راست گوئی کا ثبوت دیتے ہیں۔ خطرہ ہے کہ آپکا یہ کلام بھی راست گوئی پر مبنی نہو جس پر آپ غیر باپ (حکیم نورالدین) کو اپنا باپ لکھا کرتے ہیں (دیکھو ٹریکٹ)

**اطلاع** :- مرقع ہذا دفتر سے برابر وقت پر روانہ ہوجاتا ہے جس صاحب کو ڈاکخانہ کی غلطی سے نہ پہونچے وہ اپنے صوبہ کے پوسٹ ماسٹر جنرل کو شکائتی سادہ کارڈ لکھیں اور ایک کارڈ دفتر ہذا میں بھیجکر اطلاع دیں مرقع دوبارہ

© rasailojaraid.com